(صفحات 4 قیمت 10 روپے)

www.qaumkiawaz.pk

https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified | مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی | مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد: 24 | جمعۃ المبارک 26 ذوالحجہ 1447ھ 12 جون 2026ء | شمارہ: 132

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

..... تکبر کرنے والے .....
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور انہ حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے، تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

عمران خان سے ملاقات کے حوالے سے پیشرفت حکومت اور PTI کا دوبارہ رابطہ

قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بھی مطالبہ کیا تھا کہ ہم نے بارہا کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ہماری ملاقات کرائی جائے تاکہ ہدایات لے سکیں

ہم ایوان سے واک آؤٹ کر رہے ہیں اور فیصلہ کریں گے کہ کیا کرنا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی، ایاز صادق نے کہا کہ اگر عمران خان رکن اسمبلی ہوتے تو رولنگ دے سکتا تھا، میں نے پوری کوشش کی لیکن آپ نے سلسلہ توڑ دیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے درمیان ایک مرتبہ پھر رابطہ ہوا ہے اور اگلے چند گھنٹوں میں عمران خان سے ملاقات کے حوالے سے پیش رفت کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان رابطہ حکومت کے اعلیٰ ترین حکام کی جانب سے کیا گیا، جس کے نتیجے میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے امکانات بڑھنے لگے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات کے حوالے سے اگلے چند گھنٹوں میں پیش رفت کا امکان ہے اور پی ٹی آئی کی قیادت سہیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد میں وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے وزیراعظم میاں شہباز شریف کو اکنامک سروے پیش کیا اس موقع پر احد چیمہ بھی موجود تھے کہا اکنامک سروے صرف موجودہ صورتحال نہیں بلکہ گزشتہ سال کی معاشی کہانی بھی بیان کرتا ہے

وزیر خزانہ کا اکنامک سروے وزیراعظم کو پیش

وزیر خزانہ کے مطابق تین بڑے عوامل حکومت کے لیے چیلنج تھے جن سے کامیابی سے نمٹا گیا، اور رواں مالی سال جی ڈی پی کی شرح 3.7 فیصد رہی جو گزشتہ چار سال میں سب سے زیادہ ہے عالمی اور خطے کی صورتحال نے معاشی نمو پر اثر ڈالا، تاہم بیرونی و اندرونی چیلنجز کے باوجود مثبت گروتھ حاصل کی گئی

وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان "برآمد پر مبنی معیشت بنانے میں ناکام رہا ہے"، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ بیرون ملک ترسیلات ملکی برآمدات کی کارکردگی سے کہیں زیادہ ہیں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے وزیر خزانہ اور انکی ٹیم کی تعریف

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اکنامک سروے کے اہم نکات میڈیا کے سامنے پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اکنامک سروے صرف موجودہ صورتحال نہیں بلکہ گزشتہ سال کی معاشی کہانی بھی بیان کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال اقتصادی غیر یقینی صورتحال، سیلاب اور ریسکیو و ریلیف کی کوششوں کے چیلنجز کا سامنا رہا، جبکہ عالمی سطح پر ٹیرف اور دیگر غیر یقینی عوامل بھی موجود تھے، جنہوں نے معیشت کو متاثر کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب وزیراعظم محمد شہباز شریف کو پاکستان اکنامک سروے 26-2025 کی کاپی پیش کر رہے ہیں

امریکا ایران کشیدگی کا اسٹاک مارکیٹ پر منفی اثر، سونے کی قیمت میں بڑی کمی

کراچی (بزنس رپورٹر) امریکی ہیلی کاپٹر تباہ ہونے کے بعد ایران پر امریکی حملوں سے مشرق وسطی میں دوبارہ کشیدگی بڑھنے، خام تیل کی قیمتوں میں اضافے اور بجٹ سے متعلق تحفظات کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں تیسرے سیشن میں مندی رہی جس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سائبان سی سی بی ویلفیئر کے تحت HIV ایڈز اور ہیپاٹائٹس فری ٹیسٹ کیمپ کا افتتاح

ایڈز اور ہیپاٹائٹس موت، یہ کسی کا انتظار نہیں کرتا، آپ ٹیسٹ کرنے میں دیر نہ کریں، عالم علی، ارسلان

کراچی (این این آئی) سندھ HIV ایڈز کنٹرول پروگرام ناکام HIV ایڈز کا مرض وبائی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے، اگر اس مرض کے خلاف شہریوں میں شعور و آگاہی نہیں دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

محرم الحرام کے انتظامات کیلئے میونسپل کمشنر نیو کراچی اور اسسٹنٹ کمشنر کا مساجد و امام بارگاہوں کا دورہ

محرم الحرام کے مقدس ایام میں عزاداران کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا نیو کراچی ٹاؤن کی اولین ترجیح ہے۔ میونسپل کمشنر عبدالجبار مہر

کراچی (این این آئی) محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر عزاداران کو بہترین بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اور مجالس و جلوسوں کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے میونسپل کمشنر نیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کراچی کے ہر ضلع میں جناح اسپتال جیسا ٹیچنگ اسپتال قائم کیا جائے: پاسبان

شہر قائد کی کروڑوں آبادی کے لیے سرکاری طبی سہولیات ناکافی ہیں، عبدالحاکم قائد

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کراچی کے صدر عبدالحاکم قائد نے کہا ہے کہ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی کی آبادی ڈھائی کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کا کھیل کے عالمی دن پر خصوصی پیغام

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کھیل کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ کھیل بچوں کی بچپن، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

جمیل جالبی جیسے محقق، دانش ور اور تاریخ نویس صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں: پروفیسر سحر انصاری

کراچی (این این آئی) مشہور محقق دانشور تاریخ نویس ڈاکٹر جمیل جالبی کی 97 ویں سالگرہ کی تقریب کا انعقاد جمیل جالبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

زونگ اور پی اے اے کے تحت کراچی ایئرپورٹ پر فائیو جی کسٹمر سہولت ڈیسک قائم

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف ٹیکنالوجی سروسز کمپنی زونگ نے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے اشتراک سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

گورنر سندھ سے کراچی جیمخانہ کے اکبر اقبال پوری کی وفد کے ہمراہ ملاقات

کراچی میں مثبت اور صحت مند تفریحی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا، سید محمد نہال ہاشمی

ملاقات کے اختتام پر کراچی جیمخانہ کے صدر اکبر اقبال پوری نے گورنر سندھ کو ادارے کی جانب سے اعزازی سووینئر پیش کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ عوام کو معیاری اور صحت مند تفریحی مواقع کی فراہمی حکومت اور نجی شعبے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل، تفریح اور سماجی سرگرمیاں صحت مند اور متوازن معاشرے کے قیام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی جیمخانہ کے صدر اکبر اقبال پوری کی قیادت میں گورنر ہاؤس آنے والے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے کراچی جیم خانہ کے صدر اکبر اقبال پوری وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

اہم خبر

پاکستان رشیا کو قریب لانے میں صدر پیوٹن کا اہم کردار ہے، صدر زرداری

روسی فیڈریشن کا قومی دن، پاکستان کے ساتھ شراکت داری مضبوط کرینگے، سفیر البرٹ خوریف

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ خطے اور دنیا میں امن و استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینے کے لیے روسی فیڈریشن کے ساتھ شراکت داری کو مزید مضبوط بنائیں گے، پاکستان روس کو ایک عالمی طاقت اور قابل اعتماد شراکت دار کی حیثیت سے قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ روسی فیڈریشن کے قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

جاپانی قونصل جنرل سے آئی ٹی آفیسر واپڈا اسپورٹس بورڈ محمد عاصم کی ملاقات

جاپان ایشین گیمز 2026 کے انعقاد کیلئے بڑا پرعزم ہے: ندیم شاہ اعزازی قونصل جنرل

کراچی (این این آئی) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے واپڈا اسپورٹس بورڈ کے آئی ٹی آفیسر محمد عاصم نے ملاقات کی۔ اس دوران جاپان کے شہر آچی نا گویا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

میونسپل کمیٹی کے چیئرمین کی قیادت میں محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس

ٹنڈو الہیار (این این آئی) میونسپل کمیٹی کے چیئرمین سید شمر حسن شاہ رضوی کی قیادت میں محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا منعقدہ اجلاس میں مذہبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بیگم رعنا کی برسی قومی جوش کیساتھ منائیں گے، اسلم فاروقی

کراچی (این این آئی) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل) ایم کیو ایس سی (پاکستان کے چیئرمین و محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سکھر میں شدید ہیٹ ویو کے باعث درجہ حرارت 48 سے 49 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

میئر سکھر اور ترجمان سندھ حکومت کی ہدایات پر شہر کے مختلف اہم اور مصروف مقامات پر ہیٹ ویو ریلیف کیمپس قائم کر دیے

کراچی (این این آئی) سکھر میں شدید ہیٹ ویو کے باعث درجہ حرارت 48 سے 49 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا ہے، جس کے پیش نظر شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضلعی و بلدیاتی انتظامیہ کی جانب سے ہنگامی اقدامات جاری ہیں۔ میئر سکھر اور ترجمان سندھ حکومت پیر سٹر ارسلان اسلام شیخ کی ہدایات پر شہر کے مختلف اہم اور مصروف مقامات پر ہیٹ ویو ریلیف کیمپس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پیپلز پارٹی کی نااہلی سندھ کو تباہی کی طرف دھکیل رہی ہے: جلیم عادل شیخ

سندھ کی زمینیں بنجر، تیار فصلیں سوکھ رہی ہیں، کاشتکار سراپا احتجاج ہیں

سندھ کو 1991 واٹر معاہدے کے مطابق پانی دیا جائے، سودیبازی قبول نہیں کریں گے

کراچی (این این آئی) سندھ کو اپنے حصے سے 48 فیصد پانی کم ملنے کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی نااہلی اور مفاداتی سیاست کی وجہ سے سندھ اس وقت شدید آبی بحران کا شکار ہے۔ سندھ کو اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کشمیری عوام اور پاک فوج ایک ہی مقصد کے لیے متحد ہیں: رانا عزیز الحسن

حالیہ احتجاج کا پرتشدد رخ اختیار کرنا افسوسناک، اس کے اسباب کا غیر جانبدارانہ جائزہ لینا ہوگا، تصادم کسی مسئلے کا حل نہیں: صدر مسلم کانفرنس سندھ سرکل کراچی

کراچی (این این آئی) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس سندھ سرکل کراچی کے صدر رانا عزیز الحسن نے کہا ہے کہ مسلم کانفرنس کا بنیادی نظریہ ''کشمیر بنے گا پاکستان'' ہے اور کشمیری عوام آج بھی اس عزم پر ثابت قدم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں بلکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

چائلڈ لیبر کے خاتمے کیلیے اقدامات میں تیزی لا رہے ہیں، ترجمان سندھ حکومت

بین الاقوامی اور قومی اداروں کی حالیہ رپورٹس کے مطابق

پاکستان میں تقریباً 8.6 ملین بچے چائلڈ لیبر کا شکار ہیں، سکھدیو ہمنانی

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے ترجمان سکھدیو ہمنانی نے کہا ہے کہ حکومت سندھ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے مضبوط قوانین، تعلیم تک وسیع رسائی، سماجی تحفظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

بلڈ ڈونرز کے عالمی دن کے موقع پر ڈاکٹر زاہد حسن انصاری کی جانب سے فیڈریشن آمد پر ایم پی اے آصف موسیٰ کو خصوصی شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

بلڈ ڈونرز کا عالمی دن ڈاکٹر زاہد حسن انصاری کی صحت سے متعلق آگاہی

مہمان خصوصی ایم پی اے محمد آصف موسیٰ نے کیا سیمینار سے خطاب، مقصد خون کے عطیات سے متعلق آگاہی کو بڑھانا تھا

سیمینار سے ڈاکٹر عاطف سعید انجم، ڈاکٹر نوشین بٹ، عالیہ بتول، عتیق الرحمان اور آصف سخی نے بھی خصوصی خطاب کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) ڈاکٹر زاہد حسن انصاری نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے پلیٹ فارم کے تحت فیڈریشن ہاؤس میں بلڈ ڈونرز کے عالمی دن کے حوالے سے صحت سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ تقریب کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

شرح نمو بڑھانے کیلئے مزید اقدامات ضروری ہیں، ثاقب فیاض مگوں

حکومت کو صنعتوں کے لیے طویل المدتی پالیسیاں مرتب کرنا ہوں گی، سینئر نائب صدر فیڈریشن

بجٹ سازی کے دوران تاجروں اور صنعتکاروں کی جانب سے پیش کی گئی قابل عمل تجاویز کو مدنظر رکھیں

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے کہا ہے کہ معاشی سروے 2025-26 میں پیش کیے گئے اعداد و شمار مجموعی طور پر حوصلہ افزا ہیں، ملکی معیشت نے 3.7 فیصد کی شرح نمو حاصل کی ہے جو کہ خوش آئند ہے تاہم ملکی معیشت کی شرح نمو میں مزید اضافہ کرنے کے لیے حکومت کو مؤثر اور طویل المدتی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اگر حکومت صنعتوں اور برآمدی شعبے کی بھرپور معاونت جاری رکھے تو پاکستان کے لیے 5 فیصد جی ڈی پی گروتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

عوام کا اعتماد پیپلز پارٹی کی عوامی خدمت کا اعتراف ہے، کرم اللہ وقاصی

بلدیہ عظمیٰ کراچی کے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کراچی کی تاریخ میں ترقی اور بہتری کا ایک نیا باب شروع ہوگا

کراچی (این این آئی) میئر کراچی کے ترجمان اور بلدیہ عظمیٰ کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد سردار طاہر محمود صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی بابا ڈاٹ کام کے جنرل منیجر شان ینگ کو چیمبر کا سووینئر پیش کر رہے ہیں۔ پاکستان اور بنگلہ دیش کے لیے کنٹری منیجر محترمہ سمر گاؤ، آئی سی سی آئی کے نائب صدر عرفان، چوہدری ایگزیکٹو ممبر وسیم چوہدری ابرار الحق کنوینر، آئی سی سی آئی ٹی، ٹیلی کام اینڈ کمپیوٹر ہارڈ ویئر (CHAP) ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کمیٹی اعزاز محمد کنوینر آئی سی سی آئی سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ کمیٹی ڈاکٹر محمد عثمان بھی موجود ہیں۔

اسلام آباد چیمبر علی بابا ڈاٹ کام کے درمیان بڑی شراکت داری پر اتفاق

آئی سی سی آئی اور علی بابا ڈاٹ کام مل کر پاکستان کی ڈیجیٹل برآمدات میں انقلاب لائیں گے: صدر اسلام آباد چیمبر سردار طاہر محمود

علی بابا ڈاٹ کام پاکستانی سپلائرز کے لیے عالمی منڈیوں میں وسیع امکانات دیکھتا ہے، شان ینگ، علی بابا ڈاٹ کام کی کنٹری منیجر محترمہ سمر گاؤ بھی موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) اور علی بابا ڈاٹ کام کے درمیان پاکستانی کاروباری اداروں، بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SME)، کی ڈیجیٹل برآمدی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے ایک اسٹریٹجک شراکت داری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

صوبہ سندھ کو اس کے حصے کا پانی فوری فراہم کیا جائے، رہنما مسلم لیگ فنکشنل

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے اطلاعات سیکریٹری اسامہ جعفری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سندھ کو اپنے حصے کے مطابق پانی کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے صورتحال انتہائی تشویشناک ہوتی جا رہی ہے، اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

گورنر کی سٹہ میں تیزاب حملے کا شکار ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے والد سے ملاقات

متاثرہ ڈاکٹر اور ان کے اہلِ خانہ کو اس مشکل وقت میں تنہا نہیں چھوڑیں

ڈاکٹروں اور طبی عملے کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کراچی کے نجی اسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کوئٹہ میں تیزاب حملے کا شکار ہونے والی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے والد سے ملاقات کی۔ گورنر سندھ نے ڈاکٹر ماہ نور کی صحت اور جاری علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی میں بڑھتے اسٹریٹ کرائمز نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا، بلال سلیم قادری

قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی سوالیہ نشان، عوام عدم تحفظ کا شکار،

خواتین اور آن لائن ڈلیوری رائیڈرز اسٹریٹ کریمنلز کا آسان ہدف بن گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

سندھ کے پانی پر مبینہ ڈیل ہو چکی، پی پی پی بجٹ کی بندر بانٹ میں مصروف ہے، ارسلان خالد

پانی پر اسمبلی بحث محض ڈرامہ، پیپلز پارٹی عوام کو چھمہ دے رہی ہے، جنرل سیکریٹری تحریک انصاف کراچی

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف ا پی ٹی آئی (کراچی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پائیدار ترقی کی جانب پیشرفت، ڈی آئی بی کا نیا برانڈ لوگو متعارف

نئے لوگو میں منفرد ڈی آئی بی ورڈ مارک کے ساتھ گلوبس کی علامت شامل

ری برانڈنگ ترقی کا سفر جاری رکھنے کا عزم ہے، چیف ایگزیکٹو محمد علی گلفراز

کراچی (بزنس ڈیسک) دبئی اسلامک بینک (ڈی آئی بی) پاکستان نے ملک بھر میں اپنی متعدد برانچوں پر نیا عالمی لوگو متعارف کرا دیا، جو پاکستان میں دو دہائیوں پر محیط خدمات کی تکمیل کے ساتھ ایک جرات مندانہ مقصد پر مبنی اور مستقبل کی جانب پیش رفت کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ تبدیلی بینک کے اس عزم کی مظہر ہے کہ وہ متحدہ عرب امارات کے ڈی آئی بی کی پچاس سالہ اسلامی بینکاری کی کامیاب روایت کو آگے بڑھائے گا۔ نئے لوگو میں منفرد "ڈی آئی بی" ورڈ مارک کے ساتھ "گلوبس" کی علامت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

سی او او واٹر کارپوریشن سے، جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی نائب امیر کی قیادت میں جے یو آئی وفد کی ملاقات

کراچی (این این آئی) سی او او واٹر کارپوریشن انجینئر اسد اللہ خان سے جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی نائب امیر قاری محمد عثمان کی قیادت میں جے یو آئی وفد کی ملاقات۔ شہر بھر میں فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل پر تبادلہ خیال۔ قاری محمد عثمان نے واٹر کارپوریشن حکام کو شہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سندھ کو 1991 کے آبی معاہدے کے تحت اس کا مقررہ حصہ فراہم نہیں کیا جا رہا

جس کے باعث زرعی شعبہ شدید دباؤ کا شکار ہے، وزیر آبپاشی و منصوبہ بندی

کراچی (این این آئی) وزیر آبپاشی، منصوبہ بندی و ترقی جام خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

لاہور: مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اے آئی و خصوصی اقدامات علی ڈار، ہواوے پاکستان کے منیجنگ ڈائریکٹر ایکس یانگ شوائے سے ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

آزاد کشمیر میں احتجاج۔۔۔۔!

آزاد جموں اور کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے پانچ مشتبہ افراد گرفتار کر لئے گئے جن کا تعلق مبینہ طور پر دشمن ملک کی خفیہ ایجنسی کے ساتھ بتایا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے خفیہ اطلاع پر چہلہ کے علاقے میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا، گرفتار افراد کے قبضے سے لیپ ٹاپ، موبائل فون اور دیگر مواصلاتی آلات برآمد کیے گئے۔ ابتدائی تحقیقات میں ڈیجیٹل آلات سے مشکوک روابط اور حساس نوعیت کا مواد سامنے آیا، دوران تفتیش ایک ملزم کی نشاندہی پر بڑا اسلحہ ذخیرہ بھی برآمد کیا گیا جس میں سات خودکار ہتھیار، متعدد گرینیڈ اور دیگر جنگی سامان شامل تھا۔ مشتبہ افراد سے حساس تنصیبات اور مقامات کے نقشے اور مبینہ حملوں کے منصوبوں کے علاوہ دشمن کی خفیہ ایجنسی کے ساتھ مبینہ رابطوں کے شواہد بھی ملے جنہیں تحقیقات کا حصہ بنا دیا گیا ہے، برآمد شدہ موبائل فونوں اور لیپ ٹاپس کے علاوہ دیگر مواد کا فرانزک اور تکنیکی تجزیہ جاری ہے، تفتیش کار ممکنہ سہولت کاروں، مالی معاونت کے ذرائع اور وسیع نیٹ ورک کی چھان بھی بین کر رہے ہیں۔ متعلقہ حکام کے مطابق سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے حساس تنصیبات اور عوامی سلامتی کو ممکنہ خطرے سے محفوظ بنایا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ریاستی سلامتی، امن عامہ اور قومی مفادات کے خلاف کسی بھی سرگرمی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ عوام کو بھی چاہئے کہ وہ ایسی مشکوک سرگرمیوں کی متعلقہ اداروں کو فوری اطلاع دیں۔ محکمہ داخلہ حکومت آزاد کشمیر نے شوکت نواز میر اور خواجہ مہران ارشد کے خلاف بغاوت اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے الزامات کے تحت باضابطہ قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ حکومت آزاد کشمیر نے جرم انگیز تقاریر، تحریروں، اشاعتوں اور الیکٹرانک مواصلات سے متعلق تحقیقات کا حکم بھی دیدیا ہے۔ شوکت نواز میر کے خلاف دفعہ 124۔اے تعزیراتِ آزاد جموں اور کشمیر کے تحت تحقیقات اور کارروائی کی جا رہی ہے۔ محکمہ داخلہ آزاد کشمیر کے مطابق دستیاب مواد کے جائزے کے بعد عائد شدہ الزامات قانون کے مطابق مزید تحقیقات کے متقاضی ہیں جس کی وجہ سے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 196 کے تحت متعلقہ ضلعی پولیس سربراہان کو تحقیقات مکمل کرنے کے بعد متعلقہ عدالت میں چالان پیش کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہیں۔

حیسکو سب ڈویژن کنری میں اہم انتظامی تبدیلی کرتے ہوئے ایس ڈی او جاوید سمیجو کا تبادلہ کر دیا گیا ہے

کنری (رپورٹ رضوان مغل) حیسکو سب ڈویژن کنری میں اہم انتظامی تبدیلی کرتے ہوئے ایس ڈی او جاوید سمیجو کا تبادلہ کر دیا گیا ہے، ایس ڈی او کنری جاوید احمد سمیجو کو موجودہ عہدے سے ہٹا کر چیف انجینئر (آپریشن) کے دفتر سے اٹیچ کر دیا گیا ہے جبکہ حیسکو سب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

روٹری ڈسٹرکٹ 3271 کے سالانہ کارکردگی ایوارڈز میں 8 اعزازات جیت لیے

یہ کامیابی کلب کے تمام اراکین کی مشترکہ کاوشوں، قائدانہ صلاحیت اور معاشرتی خدمت کے عزم کا نتیجہ ہے، ڈاکٹر راج کمار، شہباز شریف

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) روٹری ڈسٹرکٹ 3271 کی سالانہ ایوارڈز تقریب 6 جون کو ڈسٹرکٹ گورنر شکیل قائخانی کی قیادت میں منعقد ہوئی، جس میں روٹری کلب آف میرپورخاص کو آٹھ نمایاں اعزازات سے نوازا گیا۔ اس موقع پر کلب کو پلاٹینم کلب ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا جبکہ متعدد انفرادی اعزازات بھی دیے گئے۔ اہم اعزازات میں شامل ہیں: پلاٹینم پریزیڈنٹ ایوارڈ ڈاکٹر راج کمار لوھانو، بیسٹ سیکریٹری ایوارڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جیکب آباد میں 50 ڈگری سے زائد گرمی، بدترین لوڈشیڈنگ اور کاروباری بحران، شہری شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو گئے

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں 50 ڈگری سے زائد گرمی، بدترین لوڈشیڈنگ اور کاروباری بحران، شہری شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو گئے۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

جیکب آباد میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان قتل، 2 افراد زخمی، ورثا کا لاش سمیت پریس کلب کے باہر احتجاجی دھرنا

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان قتل، 2 افراد زخمی، ورثا کا لاش سمیت پریس کلب کے باہر احتجاجی دھرنا۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جیکب آباد میں پانی کا بحران برقرار، ایک ماہ سے زائد عرصے سے شہری واٹر سپلائی کے پانی سے محروم

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں پانی کا بحران برقرار، ایک ماہ سے زائد عرصے سے شہری واٹر سپلائی کے پانی سے محروم۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں پانی کا سنگین بحران تاحال حل نہ ہو سکا، ایک ماہ سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود شہریوں کو واٹر سپلائی اسکیم کے ذریعے پانی کی فراہمی بحال نہیں ہو سکی جس کے باعث ہزاروں شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، شہر کے مختلف علاقوں میں گزشتہ ایک ماہ سے زائد عرصے سے واٹر سپلائی اسکیم بند پڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسسٹنٹ کمشنر کنری کی زیر صدارت محرم الحرام میں امن وامان کے حوالے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا

کنری (رپورٹ رضوان مغل) اسسٹنٹ کمشنر کنری کی زیر صدارت محرم الحرام میں امن وامان کے حوالے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر آفس میں محرم الحرام کے دوران امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لینے اور ضروری انتظامات کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان بھنگوار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

چاہو شاخ کے آبادگاروں کا پانی کی قلت کے خلاف میرپورخاص میرواہ روڈ پر دھرنا، ٹریفک معطل

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چاہو شاخ کے آبادگاروں کا پانی کی قلت کے خلاف میرپورخاص میرواہ روڈ پر دھرنا، ٹریفک معطل تفصیلات کے مطابق جمڑاؤ کینال سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

جیکب آباد کی مارکیٹوں میں بے ہنگم ٹریفک، تجاوزات اور چنگچی رکشوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد کی مارکیٹوں میں بے ہنگم ٹریفک، تجاوزات اور چنگچی رکشوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد شہر کی مرکزی مارکیٹوں اور تجارتی مراکز میں بے ہنگم ٹریفک نظام، تجاوزات اور چنگچی رکشوں کی بے ترتیبی کے باعث ٹریفک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مسافر کوچ اور ٹرک میں خوفناک تصادم، ڈرائیور جاں بحق، 13 افراد زخمی، 3 کی حالت تشویشناک، حیدرآباد منتقل

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) مسافر کوچ اور ٹرک میں خوفناک تصادم، ڈرائیور جاں بحق، 13 افراد زخمی، 3 کی حالت تشویشناک، حیدرآباد منتقل تفصیلات کے مطابق میرپورخاص میں رنگ روڈ پر واقع جی آر کالونی کے قریب کراچی سے عمرکوٹ جانے والی مسافر کوچ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جیکب آباد میں پسند کی شادی کے تنازع میں گاؤں جلانے کا مقدمہ، عدالت نے 2 سرداروں کے نام شامل کرنے کی درخواست مسترد کر دی

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں پسند کی شادی کے تنازع میں گاؤں جلانے کا مقدمہ، عدالت نے 2 سرداروں کے نام شامل کرنے کی درخواست مسترد کر دی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں پسند کی شادی کے تنازع پر گاؤں محمد صدیق آرائیں میں درجنوں گھر جلائے جانے کے واقعے سے متعلق کیس میں جیکب آباد کی سیکنڈ ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت نے مدعی غلام شبیر برڑو کی جانب سے سردار صدام حسین برڑو اور سردار احمد علی چنا کے نام مقدمے میں شامل کرنے کی درخواست مسترد کر دی ہے، سرداروں کے وکیل مظفر علی رند کے مطابق مدعی نے دونوں سرداروں کے نام مقدمے میں شامل کرنے کی درخواست دی تھی جسے عدالت نے ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے رد کر دیا، دوسری جانب مدعی کے وکیل نثار احمد مغیری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گاؤں جلانے کے کیس میں اے ٹی سی کے سیکشن شامل ہیں اس لیے اب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

گلبرگ ٹاؤن میں بجلی کا کام کرتے ہوئے پرائیویٹ لائن مین کرنٹ لگنے سے جاں بحق، ورثاء کا محکمہ بجلی کے اہلکاروں پر غفلت کا الزام

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) گلبرگ ٹاؤن میں بجلی کا کام کرتے ہوئے پرائیویٹ لائن مین کرنٹ لگنے سے جاں بحق، ورثاء کا محکمہ بجلی کے اہلکاروں پر غفلت کا الزام تفصیلات کے مطابق میرپورخاص کے علاقے گلبرگ ٹاؤن میں بجلی کا کام کرتے ہوئے 36 سالہ نوجوان شہزاد مری کرنٹ لگنے کے باعث جاں بحق ہو گیا واقعے کے بعد ورثاء نے محکمہ بجلی کے اہلکاروں پر غفلت برتنے کا الزام عائد کرتے ہوئے شفاف تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے متوفی کے بھائی شاہنواز مری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	364,369
سونا 24K۔(فی تولہ)	425,000
سونا 22K۔(10 گرام)	334,005
سونا 22K۔(فی تولہ)	389,684
چاندی۔(10 گرام)	6985

نماز ٹائمنگ

فجر	5:21 am
ظہر	12:16 pm
عصر	4:16 pm
مغرب	5:52 pm
عشاء	7:09 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	270/kg
برائلر مرغی کا گوشت	430/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	4980
انڈے (فارم) ریٹیل	169(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	0:00	8:10
ہزارہ ایکسپریس	6:15	6:00
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	10:35	10:25
کراچی ایکسپریس	4:30	0:00
بہاؤالدین زکریا	5:50	4:40
شالیمار ایکسپریس	6:00	6:16
پاکستان ایکسپریس	0:00	8:35
گرین لائن	0:00	1:55
تیز گام	5:30	0:00

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.5	282.8
یورو	331.95	335.45
برطانوی پونڈ	381.1	384.1
امارات درہم	76.8	77.8
سعودی ریال	75.7	76.35
کویتی دینار	902.50	912.00
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

ڈاکٹر نورالصباح کی قیادت میں پاکستان بزنس کونسل شارجہ ویمن ونگ کا کامیاب افتتاحی نیٹ ورکنگ ایونٹ

ڈاکٹر انجیلا تھامس اور سعیدہ ریاض کے حوصلہ افزا سیشنز، کاروباری ترقی، خود اعتمادی اور پیشہ ورانہ کامیابی کے موضوعات پر اہم رہنمائی فراہم

ڈاکٹر نورالصباح کا خواتین کے لیے مضبوط پلیٹ فارم کے قیام پر زور، سیکھنے، جڑنے اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اظہار

پاکستان بزنس کونسل شارجہ ویمن ونگ کے ایونٹ کو شرکاء کی بھرپور پذیرائی، خواتین کو بااختیار بنانے اور قیادت کے مواقع بڑھانے کی جانب اہم قدم

شارجہ (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس کونسل شارجہ (PBCS) کے ویمن ونگ نے 7 جون 2026 کو کافی لیب، پورٹ راشد، دبئی میں ''دی وِنرز ویمن آف دی ایمریٹس'' (VWE) کے عنوان سے اپنا پہلا کامیاب نیٹ ورکنگ ایونٹ منعقد کیا۔ اس اہم تقریب کی قیادت ویمن ونگ کی صدر ڈاکٹر نور الصباح نے کی۔ اس افتتاحی تقریب میں متحدہ عرب امارات کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والی کاروباری خواتین، پیشہ ور افراد اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ خواتین نے بھرپور شرکت کی۔ ایونٹ کا مقصد خواتین کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا جہاں وہ ایک دوسرے سے رابطے استوار کر سکیں، اپنے تجربات کا تبادلہ کر سکیں اور پیشہ ورانہ ترقی کے نئے مواقع تلاش کر سکیں۔ تقریب کی خاص بات مہمان مقررین ڈاکٹر انجیلا تھامس اور سعیدہ ریاض کے معلوماتی اور حوصلہ افزا سیشنز تھے۔ دونوں مقررین نے کاروباری ترقی، ذاتی اعتماد، قیادت کی صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ کامیابی کے موضوعات پر شرکاء کو قیمتی رہنمائی فراہم کی۔ ان کے خیالات اور تجربات نے شرکاء کو نہ صرف متاثر کیا بلکہ انہیں عملی زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے نئی سوچ بھی دی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر نور الصباح نے خواتین کے لیے ایک مضبوط اور مؤثر پلیٹ فارم کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی سرگرمیاں خواتین کو ایک دوسرے کے قریب لاتی ہیں اور انہیں سیکھنے، آگے بڑھنے اور اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ویمن ونگ مستقبل میں بھی اسی طرح کے بامقصد پروگرامز کا انعقاد جاری رکھے گا۔ شرکاء نے اس ایونٹ کو بے حد سراہا اور اسے خواتین کے لیے ایک مثبت، مؤثر اور حوصلہ افزا اقدام قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس طرح کے نیٹ ورکنگ ایونٹس نہ صرف اعتماد میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ کاروباری اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے بھی نئی راہیں کھولتے ہیں۔ یہ کامیاب افتتاحی تقریب پاکستان بزنس کونسل شارجہ کے ویمن ونگ کی آئندہ سرگرمیوں کے لیے ایک مضبوط بنیاد ثابت ہوئی ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد خواتین کو بااختیار بنانا، انہیں کاروبار اور قیادت کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا اور ایک مضبوط کمیونٹی کی تشکیل دینا ہے۔

عبداللہ بن زاید اور مائیک والٹز کی ملاقات، علاقائی صورتحال، عالمی استحکام پر تفصیلی تبادلہ خیال

مائیک والٹز اور عبداللہ بن زاید کے درمیان ایران کے حملوں، علاقائی کشیدگی اور عالمی اثرات پر تبادلہ خیال اور اہم پیش رفت کا جائزہ

نائب وزیراعظم نے مائیک والٹز کے ذریعے امریکا کی حمایت کو سراہا، یو اے ای کے ساتھ یکجہتی اور تعاون کے فروغ پر زور دیا

سوڈان، لبنان اور دیگر علاقائی تنازعات پر بات کرتے ہوئے امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ پر اتفاق کیا

ابوظہبی (بزنس رپورٹر) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید النہیان نے اقوام متحدہ میں امریکا کے مستقل مندوب مائیک والٹز سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات، خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور عالمی سطح پر تعاون کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات ابوظہبی میں منعقد ہوئی جہاں دونوں رہنماؤں نے نہ صرف دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا بلکہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر بھی غور کیا۔ اس دوران کثیرالجہتی تعاون، بین الاقوامی تنظیموں کے دائرہ کار میں روابط اور عالمی استحکام کے لیے جاری کوششوں کو مزید مؤثر بنانے کے امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران ایران کی جانب سے متحدہ عرب امارات اور دیگر برادر ممالک کو نشانہ بنانے والے بلا اشتعال حملوں کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ دونوں رہنماؤں نے ان حملوں کے علاقائی اور عالمی اثرات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ایسے اقدامات خطے کے امن اور استحکام کے لیے خطرہ ہیں۔ اس موقع پر عبداللہ بن زاید نے ان حساس حالات میں امریکا کی جانب سے متحدہ عرب امارات کے ساتھ مکمل یکجہتی کے اظہار کو سراہا اور اسے دونوں ممالک کے مضبوط تعلقات کی عکاسی قرار دیا۔ علاوہ ازیں، ملاقات میں سوڈان اور لبنان سمیت خطے کے دیگر ممالک کی صورتحال پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ان ممالک میں جاری بحرانوں کے حل کے لیے عالمی برادری کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ امن اور استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ خطے میں پائیدار ترقی اور خوشحالی کے لیے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں۔ عبداللہ بن زاید اور مائیک والٹز نے متحدہ عرب امارات اور امریکا کے درمیان بڑھتے ہوئے اسٹریٹجک تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے مختلف شعبوں، خصوصاً معیشت، سیکیورٹی، سفارتکاری اور بین الاقوامی تعاون میں شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ عبداللہ بن زاید نے اس موقع پر کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں اور یہ شراکت داری مستقبل میں مزید مستحکم ہوگی۔

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

شہباز عثمان، اور ڈسٹرکٹ سپورٹ ایوارڈ ایڈووکیٹ عبدالرؤف آرائیں۔ ڈسٹرکٹ سپورٹ ٹیم ایوارڈ ڈاکٹر فرحان اشرف کو دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ٹیم کے دیگر ایوارڈز پریم کمار اور نوال کشور نے حاصل کیے جبکہ بختیار شاہ واحد خاصخیلی نے بھی روڑی کے اعزازات وصول کیے۔ روڑی کلب آف میرپورخاص کے صدر ڈاکٹر راج کمار اور سیکریٹری شہباز عثمان نے کہا کہ یہ کامیابی کلب کے تمام اراکین کی مشترکہ کاوشوں، قائدانہ صلاحیت اور معاشرتی خدمت کے عزم کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے ایوارڈ یافتگان اور کلب کے اراکین کو مبارکباد پیش کی اور کمیٹی کی بہبود کے لیے خدمات جاری رکھنے کا عزم دہرایا۔ کلب کے عہدیداران نے کہا کہ یہ اعزازات "Service Above Self" کے اصول کو مزید تقویت دیں گے اور آئندہ منصوبہ بندی میں مقامی سطح پر سماجی وصحت کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

پانی حاصل کرنے والی چاہوشاخ کے آبادگاروں نے پانی کی شدید قلت اور اضافی وارہ بندی کے خلاف میرپورخاص میرواہ روڈ پر کھمن سموں اسٹاپ کے مقام پر احتجاجی دھرنا دیا جس کے باعث میرپورخاص سے مٹھی، ڈوکوٹ، کنری، سمارو اور دیگر شہروں کو جانے والی ٹریفک معطل ہوگئی نواز آرائیں، زین العابدین خاصخیلی، ٹھچھی اور دیگر کی قیادت میں ہونے والے احتجاج کے دوران آبادگاروں نے الزام عائد کیا کہ محکمہ آبپاشی کی جانب سے ان کی شاخ پر اضافی وارہ بندی نافذ کی جارہی ہے جس کے باعث فصلوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے جبکہ انسانوں اور مویشیوں کے لیے پینے کے پانی کا بھی بحران پیدا ہوگیا ہے مظاہرین کا کہنا تھا کہ عیدکے دنوں میں میرپورخاص شہر کو پانی فراہم کرنے کے لیے جو وارہ شاخ کو کھول کر چاہوشاخ بند کردی گئی تھی بعدازاں دیگر شاخوں کو مقررہ اوقات کے مطابق کھولا اور بند کیا جاتا رہا تاہم چاہوشاخ پر غیرضروری اضافی وارہ بندی برقرار رکھی گئی ہے جس سے کاشتکار شدید پریشانی کا شکار ہیں احتجاجی آبادگاروں نے مطالبہ کیا کہ چاہوشاخ کو فوری طور پر کھولا جائے تاکہ پانی کی فراہمی بحال ہو اور آبادگاروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہوسکے۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

مقدمہ شکارپور کی انسداد دہشت گردی عدالت میں زیرسماعت ہے جس میں مدعی کی جانب سے دونوں سرداروں کے نام مقدمے میں شامل کرنے کی درخواست دائر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں بس کا ڈرائیور محبوب آریسر موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ جاوید، محمد ہاشم، ابراہیم سمیت 13 افراد شدید زخمی ہوگئے حادثے کے بعد علاقے میں افراتفری پھیل گئی اور اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور بھاری مشینری کے ذریعے حادثے کا شکار دونوں گاڑیوں کو سڑک سے سائیڈ میں کیا جاں بحق ڈرائیور کی نعش اور زخمیوں کو فوری طور پر سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی عینی شاہدین کے مطابق کوچ ڈرائیور نے موٹرسائیکل سوار کو بچایا اور کوچ سامنے سے آنے والے ٹرک سے ٹکرا گئی اسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں میں بعض افراد کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث نعمان ملک، رشید ملک سمیت 3 زخمیوں کو حیدرآباد منتقل کردیا گیا جبکہ دیگر زخمیوں کا علاج سول اسپتال میں جاری ہے جاں بحق بس ڈرائیور محبوب آریسر کی نعش ضروری قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی حادثے کے باعث رنگ روڈ پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر رہی۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

جام کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرگیا ہے جس سے شہریوں، تاجروں اور خریداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، شہر کے مختلف بازاروں، شاہراہوں اور مصروف تجارتی علاقوں میں دکانداروں کی جانب سے دکانوں کے باہر سامان رکھنے کی وجہ سے سڑکیں اور گزرگاہیں تنگ ہوچکی ہیں جس سے پیدل چلنے والے افراد کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں کی تنگ گلیوں اور سڑکوں پر پھیلی رکشوں کی غیرمنظم پارکنگ اور سواریاں بٹھانے کے لیے جگہ جگہ کھڑے ہونے سے ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوتی ہے، معمولی رش بھی چند ہی لمحوں میں بڑے ٹریفک جام کی شکل اختیار کرلیتا ہے جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں، شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، میونسپل حکام اور ٹریفک پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ مارکیٹوں میں قائم تجاوزات کے خاتمے، پھیری رکشوں کے لیے مخصوص اسٹینڈز کے قیام اور ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات سے نجات دلائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈویژن کنری میں بطور ایل ایس ون فرائض انجام دینے والے طاہر علی آرائیں کو ترقی دے کر ایس ڈی او آپریشن کنری مقرر کردیا گیا ہے۔ طاہر علی آرائیں کا شمار حیسکو کے محنتی اور فرض شناس افسران میں کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کنری سب ڈویژن میں اپنی خدمات کے دوران بجلی کے واجبات کی ریکارڈ ریکوری میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں ان کی شب وروز محنت، مؤثر حکمت عملی اور نیم ورک کی بدولت کنری شہر کو لوڈشیڈنگ فری قرار دلوانے میں بھی کلیدی کردار ادا کیا گیا، جس پر انہیں نہ صرف محکمانہ سطح پر سراہا گیا بلکہ عوامی حلقوں کی جانب سے بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ طاہر علی آرائیں کی بطور ایس ڈی او تعیناتی پر چیئرمین کنری سٹی حاجی شکیل احمد باجوہ، صوفی نظر علی، محمد ہاشم کیریا، ایم کیو ایم پاکستان عمر کوٹ ضلع کے انچارج محمد قاسم بھٹی، صدر کیپٹن پریس کلب کنری فتح روز خان، سماجی رہنما فلک شیر علی حسن مغل ودیگر نے ایس ڈی او طاہر آرائیں کو مبارکباد دی ان کو ہار پہنائے اور اجرکوں کے تحفے پیش کئے جبکہ سیاسی وسماجی، کاروباری اور عوامی حلقوں کی جانب سے انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ نئے ایس ڈی او کے پاس مقامی مسائل سے متعلق وسیع تجربہ موجود ہے اور وہ صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مشکلات کے حل کے لیے بہتر انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرسکیں گے اور اپنی تمام تر صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے حیسکو سب ڈویژن کنری کو ایک مثالی ادارہ بنانے، بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے، لائن لاسز میں کمی لانے، ریکوری کے نظام کو مزید مستحکم کرنے اور صارفین کی مشکلات کے بروقت ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔ شہری حلقوں کا مزید کہنا ہے کہ انہیں توقع ہے کہ نئے ایس ڈی او کی قیادت میں حیسکو کنری عوام کی توقعات پر پورا اتریں گے

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

نے سول اسپتال میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ شہزاد مری جو گاؤں جھنڈو مری کا رہائشی تھا گزشتہ کچھ عرصے سے میرپورخاص سٹی سب ڈویژن کے میرآباد فیڈر پر تعینات لائن سپرنٹنڈنٹ اقبال کے ساتھ کام کررہا تھا ان کے مطابق اقبال نے سرکاری ملازمت دلانے کا جھانسہ دے کر شہزاد کو مختلف کاموں پر لگایا ہوا تھا اور اسے یقین دلایا گیا تھا کہ بجٹ کے بعد اسے مستقل ملازمت کا آرڈر جاری کردیا جائے گا شاہنواز مری کا کہنا تھا کہ واقعے کے روز شہزاد مری کو گلبرگ ٹاؤن میں بجلی کے کام کے لیے بھیجا گیا جہاں دوران کام اسے کرنٹ لگ گیا اور وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا انہوں نے الزام عائد کیا کہ متعلقہ فیڈر بند نہیں کیا گیا تھا جبکہ اقبال بھی موقع پر ہی موجود تھا جس کے باعث یہ افسوسناک حادثہ پیش آیا ورثاء ▯ کے مطابق حادثے کے وقت حیسکو کا ایک ریٹائرڈ اہلکار سوائی بھی موقع پر موجود تھا جبکہ متوفی کا موبائل فون، موٹرسائیکل اور دیگر سامان ابھی تک متعلقہ افراد کے قبضے میں ہے اہل خانہ نے الزام لگایا کہ واقعے کے بعد بعض ذمہ دار افراد موقع سے چلے گئے اور اہل خانہ کو بروقت آگاہ بھی نہیں کیا گیا متوفی شہزاد مری چھ بہن بھائیوں میں شامل تھا اور اپنے خاندان کا سہارا سمجھا جاتا تھا ورثاء ▯ نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

کی زیرصدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ڈی ایس ایو کنری حنین قریشی، ایس ایچ او کنری فرحان میمن، ایس ایچ او نبی سرحسین جٹ، ایس ایچ او ٹالہی، ایم ایس تعلقہ اسپتال کنری سمیت ٹاؤن کمیٹیوں کے نمائندگان سمیت متعلقہ محکموں کے افسران اور مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام نے شرکت کی، اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان بھگوار نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی، صفائی ستھرائی، روشنی، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، طبی سہولیات اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، انہوں نے ہدایت کی کہ محرم الحرام کے تمام جلوسوں اور مجالس کے روٹس کا پیشگی معائنہ کرکے درپیش مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے، اجلاس میں ڈی ایس پی حنین قریشی کی جانب سے سیکیورٹی پلان پر بریفنگ دی گئی جبکہ حیسکو حکام نے جلوسوں اور مجالس کے دوران بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی، لوکل گورنمنٹ کے افسران کی شدید گرمی کے پیش نظر صفائی، تھرائی، نکاسی آب اور پینے کے پانی کی فراہمی کے مؤثر انتظامات کرنے کی ہدایت دی گئی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد خان بھگوار نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے اور عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ محرم الحرام کے اجتماعات پرامن ماحول میں منعقد ہوسکیں، انہوں نے کہا کہ محرم کے ایام کے دوران کسی مکتبہ فکر کی جانب سے سوشل میڈیا پر کسی کی دل آزاری کرنے یا توہین آمیز پوسٹ کرنے پر ایسے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا اور ایسا کوئی واقعہ رونما ہوا تو اس معاملے کو ایف آئی اے کے سپرد کیا جائے گا، اس دوران تمام مکاتب فکر کے علماء ▯ کرام ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، اجلاس کے اختتام پر تمام متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندوں نے اپنے اپنے اداروں کی جانب سے محرم الحرام کے دوران کئے جانے والے انتظامات اور تیاریوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور خصوصاً علماء کرام نے انتظامیہ کو اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

ہے جس کے نتیجے میں شہری پینے اور گھریلو استعمال کے پانی کے لیے پریشان ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ شدید گرمی کے موسم میں پانی کی عدم دستیابی نے ان کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے اور انہیں مہنگے داموں ٹینکرز اور دیگر ذرائع سے پانی حاصل کرنا پڑرہا ہے، شہریوں کے مطابق میونسپل انتظامیہ اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے متعدد بار دعوے کیے گئے کہ وائرسپلائی اسکیم کو جلد فعال کرکے شہر میں پانی کی فراہمی بحال کردی جائے گی تاہم یہ دعوے تاحال عملی شکل اختیار نہیں کرسکے، شہریوں کا کہنا ہے کہ نہروں میں پانی کی آمد کے باوجود وائرسپلائی اسکیم سے پانی کی فراہمی شروع نہ ہونا انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ جیکب آباد جیسے شدید گرم شہر میں پانی کی مسلسل قلت ایک سنگین انسانی مسئلہ بنتی جارہی ہے، خواتین، بچے اور بزرگ روزانہ پانی کے حصول کے لیے دربدر ہونے پر مجبور ہیں جبکہ غریب طبقہ مہنگے داموں پانی خریدنے سے قاصر ہے، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر جیکب آباد اور میونسپل انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وائرسپلائی اسکیم سے پانی کی فراہمی بحال کی جائے اور عوام کا بنیادی مسئلہ حل کیا جائے، شہریوں کا کہنا ہے کہ بار بار اعلانات اور یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ شہر میں پانی کا بحران مستقل بنیادوں پر حل ہوسکے۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

جیکب آباد کے میرانپور تھانہ کی حدود کوکو پل کے قریب نامعلوم مسلح موٹرسائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک نوجوان کو قتل کردیا جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے، حدود کی پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد کی فاء لاًرنگ کے نتیجے میں نوجوان بڈہل بروہی موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ روشن مندرانی اور مشتاق جمالی زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات کی جارہی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں چھاپے مارے جارہے ہیں، دوسری جانب مقتول بڈہل بروہی کے ورثا نے لاش سمیت پریس کلب کے سامنے دھرنا دیکر احتجاجی مظاہرہ کیا، اس موقع پر مقتول نوجوان کے ورثا ہوت خان بروہی، مراد علی، روشن بروہی اور دیگر نے بتایا کہ میرانپور تھانے کی حدود میں بلیدی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے ان کے نوجوان کو مبینہ طور پر بے گناہ قتل کیا ہے، احتجاج کرنے والوں کا کہنا تھا کہ واقعے کے باوجود پولیس مقدمہ درج نہیں کررہی، ورثا نے ایس ایس پی جیکب آباد سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا نوٹس لے کر فوری طور پر مقدمہ درج کیا جائے اور ملزمان کو گرفتار کرکے انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق جیکب آباد میں قیامت خیز گرمی، بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کاروباری سرگرمیوں کی سست روی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے، شہر میں گرمی کی شدت اس قدر بڑھ چکی ہے کہ درجہ حرارت اکثر 50 ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی تجاوز کرجاتا ہے ایسے میں کئی کئی گھنٹے بجلی کی بندش نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ شدید گرمی میں بجلی کی عدم دستیابی نے معمولات زندگی درہم برہم کردیے ہیں، گھروں، دکانوں، ورکشاپس اور تجارتی مراکز میں بجلی نہ ہونے کے باعث نہ صرف کاروبار متاثر ہورہے ہیں بلکہ روزانہ اجرت پر کام کرنے والے افراد بھی شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں، کاروبار میں کمی اور بڑھتے ہوئے اخراجات نے شہریوں کو معاشی پریشانی میں مبتلا کررکھا ہے، سماجی حلقوں کے مطابق مسلسل شدید گرمی، لوڈشیڈنگ اور معاشی دباؤ کے باعث لوگوں میں ذہنی تناؤ، بے چینی، چڑچڑاپن اور نفسیاتی مسائل بڑھتے جارہے ہیں، شہر کے مختلف علاقوں میں معمولی باتوں پر جھگڑے اور تلخ کلامی روزمرہ کا معمول بنتے جارہے ہیں، عوامی حلقوں، بازاروں اور محلوں میں تنازعات میں اضافہ دیکھا جارہا ہے جبکہ گھروں کے اندر بھی شدید گرمی اور بجلی کی عدم دستیابی کی وجہ سے ماحول کشیدہ رہنے لگا ہے اور اہل خانہ کے درمیان معمولی باتوں پر اختلافات اور جھگڑوں کی شکایات بڑھ رہی ہیں، شہریوں نے بتایا کہ گرمی کی شدت کے دوران پنکھے، کولر اور دیگر برقی آلات بند ہونے سے بزرگ، خواتین اور بچے سب سے زیادہ متاثر ہورہے ہیں، رات کے اوقات میں بھی بجلی کی طویل بندش کے باعث لوگوں کی نیند متاثر ہورہی ہے جس سے ذہنی دباؤ اور جسمانی تھکاوٹ میں مزید اضافہ ہورہا ہے، شہریوں حکومت، ضلعی انتظامیہ اور سپکو حکام سے مطالبہ کیا کہ جیکب آباد جیسے گرم ترین شہر میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، ان کا کہنا ہے کہ اگر صورتحال میں بہتری نہ لائی گئی تو عوامی بے چینی، نفسیاتی مسائل اور سماجی تنازعات میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے جس کے منفی اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

آخر یدی کے اہم رابطوں سے آگاہ ہے۔ ٹیل ازیں قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پی پی آئی ہیر سٹر گوہر نے بھی مطالبہ کیا تھا کہ ہم نے بارہا کہا کہ بانی پی پی آئی سے ہماری ملاقات کرائی جائے تاکہ ہدایات لے سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایوان میں آپ نے کمیٹی بنائی لیکن صرف دو اجلاس ہوسکے، ہم اگر مگر کے بغیر اس ایوان کے ساتھ ہیں لیکن گزشتہ 34 ہفتوں سے ہماری ملاقات نہیں کرائی گئی۔ ہیر سٹر گوہر نے کہا کہ ہم اپنے نااہل ہونے والے لوگوں کو مس کر رہے ہیں، آپ ہمارے تحفظات میں ہماری آواز نہ دبائیں، ہمارے ساتھ جو ہو رہا ہے اس کا ذمہ دار کس کو ٹھہرائیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کو مخاطب کرکے انہوں نے کہا کہ آپ رولنگ دیں تاکہ ہماری ملاقات ہوسکے، ہم ایوان سے واک آؤٹ کررہے ہیں اور فیصلہ کریں گے کہ کیا کرنا ہے۔ ایاز صادق نے کہا کہ اگر عمران خان رکن اسمبلی ہوتے تو رولنگ دے سکتا تھا، میں نے پوری کوشش کی لیکن آپ نے سلسلہ توڑ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری کا مزید کہنا تھا کہ میں صدر پیٹرن کے اس اہم کردار کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں جس نے دونوں ممالک کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں مدد دی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اعلیٰ سطح کے روابط کے تسلسل کے ذریعے اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور پاکستان، روس تعلقات کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے خواہاں ہیں۔ روسی سفیر البرٹ خوزیف نے روس، یوکرین جنگ کے حوالے سے پاکستان کے متوازن اور غیر جانب دار موقف کو بھی سراہا اور کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان جاری روابط کو عوامی سطح پر تعلقات کے فروغ کے ذریعے مزید استحکام اور وسعت دی جانی چاہیے۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

میں 19 ستمبر سے 4 اکتوبر تک منعقد ہونے والے اشین گیمز 2026 کے حوالے سے گفتگو بھی ہوئی۔ چاہان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے بتایا کہ چاہان ایک عالمی معیار کے ایونٹ کے انعقاد کیلئے بڑا پُرعزم ہے اس کیلئے چاہان تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی ہم آہنگی کے ساتھ اشین گیمز کی تیاریاں تیزی سے آگے بڑھا رہا ہے، چاہان میں کھیلوں کے معیار کا شمار دنیا کے بہترین نظاموں میں ہوتا ہے، جو جدید انفراسٹرکچر، نظم وضبط، اور روایتی اقدار کا انوکھا امتزاج پیش کرتا ہے، چاہان کے پاس اعلیٰ درجے کے جدید اسٹیڈیمز موجود ہیں، چاہان (1964 اور 2020 کے اولمپکس) اور رگبی ورلڈ کپ کا میابی سے منعقد کرچکا ہے، جو اس کی عالمی معیار کی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ چاہان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے بتایا کہ چاہانی شائقین کھیلوں سے گہرا لگاؤ رکھتے ہیں، میچ کے دوران تماشائیوں کا نظم وضبط، اسٹیڈیمز میں شاندار صفائی اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کا انداز اس معیار کو اور بھی بلند کردیتا ہے، مجموعی طور پر چاہان میں کھیلوں کا معیار محض کامیابی یا کارکردگی تک محدود نہیں بلکہ کردار سازی اور معاشرتی نظم وضبط کو فروغ دینے کا ایک موثر ذریعہ بھی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

کہ سازش کے تحت نئی نسل کو وطن عزیز کی نظریاتی اساس سے آگاہ نہیں کیا جارہا ہے تاہم پاکستان کی اساس کو ختم کرنے کی کسی بھی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا ان خیالات کا اظہار اسلم خان فاروقی نے ضلع وسطی کے علاقے بندھانی کالونی میں ایم کیو ایس سی کے ذمہ دار محمد ہاشم صدیقی کے ہمراہ معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسلم خان فاروقی نے کہا کہ تحریک پاکستان کی نامور رہنما و مملکت پاکستان کی پہلی خاتون اول بیگم رعنا لیاقت علی خان کی 36 ویں برسی قومی جوش وجذبہ کے ساتھ منائیں گے اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے مزار قائد کے احاطے میں ان کی قبر پر حاضری دیں گے اسلم خان فاروقی کا یہ بھی کہنا تھا کہ بیگم رعنا ان خواتین سیاست دانوں اور ملک گیر معزز خواتین میں شامل ہیں جنہوں نے 1940 میں اپنے کریئر کا آغاز کیا اور پاکستان بننے کے اہم واقعات کا بچشم خود مشاہدہ کیا۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

رہنماں، سول سوسائٹی کے نمائندوں، متعلقہ محکموں کے افسران، پولیس حکام اور میونسپل کمیٹی متعلقہ اہلکاروں و دیگر نے شرکت کی اجلاس میں محرم الحرام کے دوران مجلس، ماتمی جلوسوں میں پرامن اور صاف ستھرا ماحول مہیا کرنے اور درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو اپنے فرائض احسن طریقے سے نبھانے کی ہدایت دی اس موقع پر میونسپل کمیٹی کے چیئرمین سید شمرحسن شاہ رضوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے سلسلے میں اجلاس منعقد کیا ہے منعقدہ اجلاس میں انتظامات جائزہ لیا گیا ہے جبکہ بلدیہ کی جانب سے تمام تر انتظامات مکمل کرلیئے گئے ہیں ہمیں اپنے عزاداروں کا احساس ہے کہ ان کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو انہوں نے مذید کہا کہ میونسپل کمیٹی کی جانب سے ماتمی جلوسوں کی گذرگاہوں پر لائیٹنگ، صفائی ستھرائی کے ساتھ بجلی جانے کی صورت میں ہیوی جنریٹر لگائے گئے ہیں تاکہ محرم الحرام میں عزاداری کے دوران عزاداروں کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے مذید کہا کہ جلوسوں کے روٹس سے غیر قانونی تجاوزات کو ہٹایا جائے گا بلدیہ کی عملہ ماتمی جلوسوں کے ساتھ ہوگا امید ہے کہ خیر خیریت سے محرم الحرام کا ایام گزر جائیں اس موقع پر میونسپل کمیٹی کے وائس چیئرمین سلیم جانی خانزادہ، اسسٹنٹ کمشنر ٹنڈوالہیار بابر صالح راھوپوٹہ، زوار پرویز سموں، سی ایم او عابد ولی کوسو، سید زاہد شاہ، مولانا امداد حسین حیدری و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

قائم کردیے گئے ہیں جبکہ مزید کیمپس کے قیام کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے۔ ان کیمپس میں شہریوں کو بنیادی طبی سہولیات کے ساتھ او آر ایس، ہنڈ پانی اور ہنڈ شدہ مشروبات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے تاکہ گرمی کی شدت کے اثرات کم کیے جاسکیں۔ کھپرو میونسپل کارپوریشن کی جانب سے محنت کش طبقے کے لیے فری چھتریوں کی تقسیم کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ابتدائی سروے کے مطابق تقریباً چار ہزار مزدوروں کی نشاندہی کی گئی ہے جنہیں مرحلہ وار چھتریاں فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں ٹاؤن میونسپل چیئرمینز اور کونسلرز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی یونین کونسلز میں مستحق افراد کی شفاف نشاندہی کو یقینی بنائیں تاکہ یہ سہولت حقیقی حق داروں تک پہنچ سکے۔ شہر میں ماحولیاتی بہتری اور درجہ حرارت میں کمی کے لیے پلانٹیشن ڈرائیوز کا آغاز بھی کردیا گیا ہے، جس کے تحت مختلف علاقوں میں شجرکاری کا عمل جاری ہے۔ میئر کھپرو ترجمان سندھ حکومت نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مہم میں بھرپور حصہ لیں تاکہ شہر کو سرسبز اور خوشگوار بنایا جاسکے۔ عالمی ادارہ صحت سندھ کے سربراہ ڈاکٹر مختار حسین بھایوٹے ہیٹ ویو ریلیف اقدامات کو بروقت اور مؤثر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدامات شہری صحت کے تحفظ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ اسی طرح اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منصوبہ بندی وتربیت کے چیئرمین و چیف فنانشل آفیسر سندھ پریم چند بہادر نے بھی شجرکاری اور ریلیف اقدامات کو پائیدار شہری ترقی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ میئر کھپرو ترجمان سندھ حکومت بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے کہا ہے کہ حکومت سندھ شہریوں کو ہیٹ ویو کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کا وژن عوامی خدمت، ماحولیاتی تحفظ اور شہری بہتری پر مبنی ہے

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

انڈیکس کی 1 لاکھ 70 ہزار پوائنٹس کی سطح دوبارہ گر گئی۔ مندی کے سبب 53 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی جبکہ سرمایہ کاروں کے 59 ارب 79 کروڑ 79 لاکھ 81 ہزار 551 روپے ڈوب گئے۔ کاروباری دورانیے میں شعبہ جاتی بنیادوں پر تازہ سرمایہ کاری کے باعث ایک موقع پر 399 پوائنٹس کی تیزی بھی ہوئی لیکن ایشیائی مارکیٹوں میں ملے جلے رجحان، امن وامان کی خراب صورتحال اور حصص کی آف لوڈنگ بڑھنے تیزی مندی میں تبدیل ہوگئی، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 903.12 پوائنٹس کی کمی سے 169427.44 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت یکدم 126 ڈالر 27 سینٹس کی بڑی نوعیت کی کمی سے 4 ہزار 200 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی بدھ کو سونے کی قیمت فی تولہ سونے کی قیمت 12 ہزار 627 روپے کی بڑی نوعیت کی کمی سے 4 لاکھ 42 ہزار 436 روپے کی سطح پر آگئی اور فی 10 گرام سونے کی قیمت 11 ہزار 364 روپے کمی کے سے 3 لاکھ 78 ہزار 170 روپے کی سطح پر آگئی۔ علاوہ ازیں انٹر بینک مارکیٹ میں بدھ کو 176 ویں دن بھی ڈالر کی نسبت روپیہ لنگڑا ہاتا ہم اسکے برعکس اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی نسبت روپیہ کمزور رہا۔ کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 01 پیسے کی کمی سے 278 روپے 36 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اسکے برعکس اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 08 پیسے کے اضافے سے 279 روپے 49 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

عمر سرکاری شعبے میں صحت کی سہولیات آبادی کے تناسب سے انتہائی ناکافی ہیں۔ کراچی کے لاکھوں شہری علاج معالجے کے لیے چند بڑے اسپتالوں پر انحصار کرنے پر مجبور ہیں، جس کے باعث مریضوں کو طویل انتظار، بستر نہ ملنے اور علاج میں تاخیر جیسے سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کراچی کے ساتوں اضلاع میں کم از کم جناح اسپتال کی استعداد اور معیار کا ایک ایک جدید ٹیچنگ اسپتال سرکاری سطح پر قائم کیا جانا چاہیے تاکہ شہریوں کو اپنے علاقوں میں معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں۔ جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر، سول اسپتال اور این آئی سی وی ڈی جیسے ادارے پورے شہر کا بوجھ اٹھا رہے ہیں، جو کسی بھی طور پر ایک متوازن اور منصفانہ صحت کے نظام کی علامت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہر ضلعے میں کم از کم ایک ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال موجود ہا ہے، لیکن کیا کراچی کے تمام اضلاع میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال کی سطح کی مکمل طبی سہولیات فراہم کرنے والے سرکاری اسپتال موجود ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو یہ سندھ حکومت کی ایک بڑی انتظامی ناکامی ہے، جس کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ پاسبان پریس انفارمیشن سیل سے جاری کردہ بیان میں علاج معالجہ کی بدترین صورتحال پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے عبدالحاکم قائدنے مزید کہا کہ کراچی ملک کی معیشت کو چلانے والا شہر ہے۔ قومی خزانے میں سب سے زیادہ حصہ ڈالتا ہے، مگر صحت، تعلیم، پانی اور ٹرانسپورٹ سمیت بنیادی شہری سہولیات میں مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے۔ صحت کی سہولیات کی کمی کے باعث غریب اور متوسط طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہورہا ہے، کیونکہ نجی اسپتالوں کے اخراجات عام شہری کی پہنچ سے باہر ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کراچی کے تمام اضلاع میں جدید ڈسٹ

پی ایچ ایم اے اور بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس کی اسٹریٹجک شراکت داری

فیصل ارشد شیخ، منور علی مٹھانی سے ملاقات، سلمان اسحاق، خادم رسول بھی موجود، تعاون کا مقصد صنعتی مہارتوں کو فروغ دینا ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) صنعتی ضروریات اور افرادی قوت کی مہارتوں کے درمیان موجود خلا کو پُر کرنے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (PHMA) اور بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ (BBSHRRDB) ایک اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اس تعاون کا مقصد صنعتی مہارتوں کو فروغ دینا اور سندھ بھر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

موبی لنک بینک اور اگنائٹ کے درمیان بڑا اشتراک

سیالکوٹ میں نیشنل انکیوبیشن سینٹر کے قیام کا اعلان، شمزا فاطمہ خواجہ، حارث محمود چوہدری موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن (MoITT) کے تحت کام کرنے والے ادارے اِگنائٹ (Ignite) نے موبی لنک بینک کی قیادت میں قائم کنسورشیم کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں جس میں سائبروژن انٹرنیشنل بھی شامل ہے۔ اس اشتراک کے تحت نیشنل انکیوبیشن سینٹر (این آئی سی) سیالکوٹ کو قائم اور فعال کیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

محرم الحرام صبر، قربانی، ایثار اور حق کی سربلندی کا عظیم درس دیتا ہے، مفتی فیض القادری

شہر میں صفائی ستھرائی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، جماعت غوثیہ اہلسنّت

کراچی (این این آئی) جماعت غوثیہ اہلسنّت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی ابوالحسن محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ محرم الحرام اسلامی سال کا پہلا مہینہ اور تاریخِ اسلام کے عظیم ترین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

آزاد، ذمہ دار اور مثبت صحافت معاشرے کیلئے ناگزیر ہے، گورنر سندھ

نہال ہاشمی سے میڈیا اداروں کے ڈائریکٹرز اور دیگر کی گورنر ہاؤس میں ملاقات، پریس سیکریٹری فیصل فاروقی بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے مختلف میڈیا اداروں کے ڈائریکٹرز و دیگر کی گورنر ہاؤس میں ملاقات۔ ملاقات میں اے بی ایم نیوز کے ڈائریکٹر سید تراب شاہ، پاکستان ٹوڈے کے ڈائریکٹر مدثر عالم، ڈیلی دی اے زیڈ بی کے زاہد کرانی اور آسائش نیوز کی سکینہ ظفر شامل تھیں۔ ملاقات میں صحافت کے فروغ، ذمہ دارانہ رپورٹنگ اور قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال۔ وفد کی جانب سے گورنر سندھ کو فریضہ حج کی ادائیگی پر مبارکباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ارسا کی جانب سے سندھ کے پانی میں کٹوتی، صوبے کی زرعی معیشت کو سنگین خطرات لاحق

وفاق اور ارسا سندھ کو اس کے حصے کا پانی فوری فراہم کریں، وزیر زراعت سندھ سردار محمد بخش مہر

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر زراعت سردار محمد بخش مہر نے صوبے میں پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارسا کی جانب سے پانی کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



صومالیہ میں یرغمال پاکستانیوں کی رہائی کے لیے سرگرم ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد میں صومالی سفیر کو دفتر خارجہ طلب کیا گیا اور سیکریٹری خارجہ نے ان سے اس معاملے پر تفصیلی گفتگو کی، ترجمان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ صومالیہ میں ایک بحری جہاز پر سوار پاکستانی شہری گزشتہ 15 روز سے یرغمال ہیں اور پاکستان ان کی محفوظ رہائی یقینی بنانے کے لیے مسلسل کوششیں کر رہا ہے۔ ہفتہ وار میڈیا بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ دو روز قبل نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے صومالیہ کے وزیر خارجہ عبدالسلام علی سے رابطہ کیا، جس میں یرغمالیوں کی رہائی کے لیے جاری کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں صومالی سفیر کو بھی دفتر خارجہ طلب کیا گیا اور سیکریٹری خارجہ نے ان سے اس معاملے پر تفصیلی گفتگو کی۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان کو مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورت حال پر گہری تشویش ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پاکستان ہارٹیکلچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی کا اسٹریٹجک اقدام شروع

انگور کی قومی صنعت کو زندہ کرنے کیلئے لچکدار نظام کی تعمیر کے ذریعے سالانہ 70 ملین ڈالر کے بڑے پیمانے پر درآمدی متبادل کو ہدف بنانا ہے



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ہارٹیکلچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی (PHDEC) نے انگور کی قومی صنعت کو زندہ کرنے کے لیے ایک اسٹریٹجک اقدام شروع کیا ہے، خاص طور پر بلوچستان میں موسمیاتی لچکدار نظام کی تعمیر کے ذریعے سالانہ 70 ملین ڈالر کے بڑے پیمانے پر درآمدی متبادل کو ہدف بنانا ہے۔ منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی ویبنار کے دوران، پی ایچ ڈی ای سی کی قیادت اور زرعی ماہرین نے اس بات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پاکستان، ماریشس کا تجارت، سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت رانا احسان افضل خان کی ماریشس کے ایچ ای مسٹر مرون این چیڈم برم سے ملاقات

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت، رانا احسان افضل خان نے وزارت خارجہ جمہوریہ ماریشس کے ایچ ای مسٹر مرون این چیڈم برم سے ملاقات کی تاکہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کو مضبوط بنانے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کی میر اعجاز حسین خان جکھرانی سے صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور رکنِ قومی اسمبلی میر اعجاز حسین خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

مینوفیکچرنگ شعبے کو 2026 میں مسلسل بڑھتے ہوئے سائبر حملوں کا سامنا: کیسپر سکی رپورٹ

کراچی (این این آئی) نئی کیسپر سکی صنعتی کنٹرول نظام ہنگامی ردِعمل ٹیم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

سندھ انفارمیشن کمیشن نے لمس کے ریکارڈ کا معائنہ کیا

محمد سلیم خان اور نور محمد دایو کا ڈاکٹر اکرام اجن اور ڈائریکٹر ایڈمیشنز لمس یونیورسٹی کی موجودگی میں داخلہ ریکارڈ کا جائزہ

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ انفارمیشن کمیشن (SIC) کے اراکین نے سندھ شفافیت و حق معلومات ایکٹ 2016 کی دفعہ 13 کے تحت لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (لمس) جامشورو کے ریکارڈ کا معائنہ کیا۔ کمیشن کے اراکین محمد سلیم خان اور نور محمد دایو نے وائس چانسلر ڈاکٹر اکرام اجن، ڈائریکٹر ایڈمیشنز اور لمس یونیورسٹی کے دیگر متعلقہ افسران کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ضیاء القرآن اکیڈمی کی سلور جوبلی کی شاندار تقریب منعقد

تقریب کی سرپرستی استاذ العلماء مفتی محمد نعمان شیخ مدنی ضیائی نے کی جبکہ صدارت علامہ محمد فہیم قادری نے فرمائی

کراچی (بزنس رپورٹر) ضیاء القرآن اکیڈمی کی جانب سے سلور جوبلی کے موقع پر ''عظیم الشان جلسہ دستارِ فضیلت، تقسیمِ انعامات اور افتتاحِ درسِ نظامی'' کا پرِوقار انعقاد کیا گیا، جس میں علماء کرام، قراء، حفاظ، سماجی و مذہبی شخصیات اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سندھ حکومت کی جانب سے چھوٹی کشتیاں رکھنے والے ماہی گیروں کو ایک سے دو لاکھ روپے فیول سبسڈی دینے کا آغاز، ماہی گیروں کو نادرا سے منسلک کر کے بارکوڈ کے ذریعے لائسنس اور آن لائن رجسٹریشن کا مرحلہ شروع، سول اور آرمڈ فورسز کا مشترکہ ون ونڈو آپریشن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے لائیوسٹاک اور فشریز کی جانب سے چھوٹی کشتیاں رکھنے والے ماہی گیروں کو ترتیب وار ایک لاکھ اور دو لاکھ روپے فیول سبسڈی سندھ بینک کے ذریعے دینے کا آغاز کر دیا گیا ہے، جبکہ شناختی کارڈ کے بغیر کسی بھی ماہی گیر کی رجسٹریشن نہیں کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار لائیوسٹاک اور فشریز کے صوبائی وزیر محمد علی ملکانی نے جمعرات کے روز اپنے دفتر میں صوبائی فشریز ریگولیٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور عالمی بینک کا اشتراک، پالیسی ڈائیلاگ کے نام سے شاندار تقریب

بی آئی ایس پی پاکستان کے سماجی تحفظ کے نظام کی ریڑھ کی ہڈی بن چکا ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد

سینیٹر روبینہ خالد اور انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں پروگرام شہید بینظیر بھٹو کے ویژن کی عملی شکل ہے، سید عمران احمد شاہ

خواتین کو بااختیار بنانا اولین ترجیح ہے، وفاقی وصوبائی قیادت ترقیاتی شراکت داروں اور آئی ایم ایف کے نمائندوں کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور عالمی بینک کے اشتراک سے آج اسلام آباد میں ایک اعلیٰ سطحی پالیسی ڈائیلاگ کا انعقاد ہوا جس کا عنوان تھا: ''سماجی تحفظ کے ذریعے معاشی استحکام، گھریلو تحفظ سے قومی معیشت کے استحکام تک'' اس کی معاونت ایف سی ڈی او نے کی۔ اس تقریب میں وفاقی اور صوبائی قیادت، ترقیاتی شراکت داروں، آئی ایم ایف کے نمائندوں اور معاشیات کے ماہرین نے شرکت کی۔ تقریب میں پیش کی گئی نئی تحقیق کے مطابق بی آئی ایس پی کی زیرِ انتظام سماجی تحفظ کی اسکیمیں اب 1 کروڑ 20 لاکھ سے زائد گھرانوں (تقریباً 24 فیصد خاندانوں) تک پہنچ رہی ہیں۔ تحقیق کے مطابق بی آئی ایس پی کے تحت خرچ ہونے والا ہر 1 روپیہ ملکی معیشت میں اوسطاً 2.34 روپے کی معاشی سرگرمی پیدا کرتا ہے۔ اس کے نتیجے میں سالانہ تقریباً 1.67 ٹریلین روپے کی آمدن اور 1.21 ٹریلین روپے کی اضافی پیداوار ہو رہی ہے۔ یہ نظام تقریباً 16 لاکھ 60 ہزار مکمل روزگار کے مساوی روزگار کے مواقع بھی پیدا کرتا ہے، جن میں بڑی تعداد دیہی علاقوں میں ہے۔ مزید یہ کہ 68 فیصد معاشی فائدہ غریب ترین 40 فیصد گھرانوں تک پہنچتا ہے، جبکہ تقریباً 24 فیصد اخراجات بالواسطہ طور پر ٹیکس آمدن کی صورت میں واپس قومی خزانے میں آ جاتے ہیں، جو سالانہ تقریباً 174 ارب روپے بنتے ہیں۔ یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ سماجی تحفظ نہ صرف ملکی سطح پر غربت میں کمی کا ذریعہ ہے بلکہ معیشت کی مضبوطی اور مالی استحکام میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ حکومتِ پاکستان وزیر اعظم کے وژن کے مطابق ہنرمندی کے فروغ کے ذریعے سماجی تحفظ کے پروگراموں کو وسعت دے رہی ہے تاکہ روزگار کے زیادہ مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سماجی تحفظ اب پاکستان کی معاشی پالیسی کا ایک اہم ستون ہے اور آج پیش کیے گئے شواہد نے اس کی اہمیت کو مزید واضح کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی اصلاحات اور سماجی تحفظ کے نظام میں ہم آہنگی ملک کی پائیدار ترقی کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے ورلڈ بینک اور ایف سی ڈی او کے تعاون کو سراہا اور بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد اور ان کی ٹیم کی خدمات کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ غریب اور کمزور طبقات کے لیے مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں مزید مضبوط کرنا ہوں گی۔ اپنے ابتدائی کلمات میں، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی پاکستان کے سماجی تحفظ کے نظام کی ریڑھ کی ہڈی بن چکا ہے، جو صرف مالی معاونت نہیں بلکہ انسانی ترقی اور معاشی خودمختاری کے فروغ کا ذریعہ ہے۔

☆☆☆

پاکستان و جرمنی دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم تین ارب ڈالر سے زائد، فہیم سہگل

جرمنی و پاکستان میں تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں اتفاق، جرمنی کی سفیر لاہور چیمبر پہنچ گئیں

خوش آئند بات یہ ہے جرمنی یورپی یونین میں پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار بھی ہے، صدر لاہور چیمبر

104 ملین یورو کی ترقیاتی معاونت کا اعلان بھی کرتی ہوں، سفیر جرمنی کا مکالمہ، لاہور چیمبر کے سینئر عہدیداران بھی موجود

لاہور (کامرس رپورٹر) جرمنی کی سفیر انا نیل نے کہا ہے کہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان دیرینہ دوستانہ اور معاشی تعلقات موجود ہیں، تاہم تجارت میں کوچ، سرمایہ کاری میں اضافے اور کاروباری روابط کے فروغ کے وسیع مواقع اب بھی موجود تیں۔ انہوں نے کہا کہ جرمن اور پاکستانی کاروباری ادارے عالمی شراکت داری کے نئے امکانات تلاش کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر نعیم الرحمٰن سیکل سمیت سینئر عہدیداران اور کاروباری شخصیات بھی موجود تھیں۔ جرمن سفیر نے پاکستان میں بنیادی ڈھانچے اور بعض معافی اشاریوں میں بہتری کو خوش محمد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ریگولیٹری غیر یقینی صورتحال، وحیدہ ٹیکس حکام، خلاقیت کی کمی اور روکر یک رکاوٹیں اب بھی سرمایہ کاری اور تہمارت کے فروغ میں حائل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ تجارت ملائم ہے لیکن اپنی حقیقی استعداد سے کم سے پر ہے۔ اس موقع پر شیر دار جین سینگل نے کیا کہ جرمنی یورپی یونین میں پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تہمارت کا حجم 52 ارب ڈالر سے زائد ہے۔ انہوں نے جرمنی کی جی ایس پی پاس اسکیم کی مکمل حمایت کو پاکستانی برآمدات کے فروغ میں اہم قرار دیا۔ جرمن سفیر نے کہا کہ جرمن منتیں اپنی سپلائی خانز میں تبدیلی لا رہی ہیں جس سے پاکستان ہے ممالک کے لیے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ آئی ایم ایک پروگرام پر پائیدار اور موثر عملدرآمد طویل المدتی معافی احکام کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے کیا کہ محلے میں امن و استحکام کے قیام اور کشیدگی میں کسی کے لیے پاکستان نے مثبت کردار ادا کیا ہے۔ جرمنی کی صاحب سے 114 ملین یورو کی ترقیاتی معاونت کا اعلان بھی کیا گیا جو موسمیاتی تبدیلی توانائی صحت بھی تھے کی ترقی اور سامی تلفظ کے شعبوں پر شریق کی جائے گی۔